# احادیثِ امام حسن عسکریؑ

# مومنین کے لئے خوشخبری

Whatsapp پر دینی معلومات جیسے کہ عقائد،

اخلاقیات، درس قرآن

فقہی مسائل، "خواتین کے مخصوص مسائل"

وظیفے، میمبرز کے فقہی سوالات، جو وہ الگ سے پوچھ سکتے

ہیں

کلماتِ امیر المومنینؑ از نہج البلاغہ ،احادیث معصومینؑ

ہر مناسبت کے حوالہ سے اعمال

دعائیں اور دیگر دینی معلومات حاصل کرنے کے لئے قرآن و

عترت کے گروپ کو جوائن کریں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے گروپ میں شامل ہونے

کے لئے ان میں سے کسی ایک پر کلک کریں۔

تمام گروپ میں مشترکہ نشریات بھیجی جاتی ہیں اسلئے ایک

سے زائد گروپ میں شامل نہ ہوں تاکہ دوسری بھی شامل ہو


کر استفادہ کر سکیں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے دینی ویڈیوز Youtube پر دیکھنے

کے لئے ہمارے Youtube channel کو Subscribe کریں

اسلامی گرافکس کے لئے Instagram پر Follow کریں

اور ہماری Facebook Page کو Like کریں




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## بہترین صفت و عادت

خَصْلَتانِ لَيْسَ فَوْقَهُما شَيْءٌ: أَلْاِيمانُ بِاللّهِ وَنَفْعُ الْاخْوانِ.

دو صفات ایسی ہیں کہ ان سے بڑھ کر دوسری کوئی چیز نہیں ہے: خداوند پر ایمان اور اپنے بھائیوں (مومنین) کی مدد کرنا۔

مستدرک وسائل : ۱۲ / ۳۹۱

QURANOITRATACADEMY




# احادیث
# امام حسن عسکریؑ


## زاہد ترین انسان

أَوْرَعُ النّاسِ مَنْ وَقَفَ عِنْدَ الشُّبْهَة، أَعْبَدُ النّاسِ مَنْ أَقامَ عَلَي الْفَرائِضِ أَزْهَدُ النّاسِ مَنْ تَرَكَ الْحَرامَ، أَشَدُّ النّاسِ اجْتَهاداً مَنْ تَرَكَ الذُّنُوبَ.

پرہیز گار ترین انسان وہ ہے کہ جو شک وشبہے کے وقت رک جاتا ہے، عابد ترین انسان وہ ہے کہ جو واجبات کو انجام دیتا ہے، زاہد ترین انسان وہ ہے کہ جو حرام کو ترک کرتا ہے، سب سے زیادہ کوشش کرنے والا انسان وہ ہے کہ جو گناہوں کو ترک کرتا ہے۔

میزان الحکمت ج ۳ ص ۲۲۶۴

QURANOITRATACADEMY




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## غصے کی مذمت

أَلْغَضَبُ مِفْتاحُ كُلِّ شَرٍّ.

غصہ و غضب کرنا ہر برائی
اور بدی کی چابی و جڑ ہے۔

میزان الحکمت ج ۳ ص ۲۲۶۴

QURANOITRATACADEMY




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## احمق و دانا کی شناخت

قَلْبُ الأَحْمَقِ فِي فَمِهِ وَفَمُ الْحَكِيمِ فِي قَلْبِهِ.

احمق کا دل، اسکے منہ اور عقل مند کی عقل اسکے دل میں ہوتی ہے۔

میزان الحکمت - ج ۴ - ص ۲۷۷۸

YouTube f QURANOITRATACADEMY




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## سلام کرنا، علامت عاجزی وانکساری

مِنَ التَّواضُعِ أَلسَّلامُ عَلي كُلِّ مَنْ تَمُرُّ بِهِ، وَالْجُلُوسُ دُونَ شَرَفِ الْمجْلِسِ.

تواضع و عاجزی میں سے ہے کہ تم جسکے بھی پاس سے گزرو، اسے سلام کرو اور یہ بھی تواضع میں سے ہے کہ محفل میں جہاں بھی جگہ ملے انسان اسی جگہ بیٹھ جائے۔

تحف العقول، ص ۳۶۲

QURANOITRATACADEMY




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## مومن کا وجود

أَلْمُؤْمِنُ بَرَكَةٌ عَلَي الْمُؤْمِنِ وَ حُجَّةٌ عَلَي الْكافِرِ.

مؤمن کا وجود مؤمن کے لیے باعث برکت اور کافر کے لیے خداوند کی طرف سے اتمام حجّت ہے۔

تحف العقول، ص ۴۸۹

QURANOITRATACADEMY




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## اسم اعظم کے بارے میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ أَقْرَبُ إِلَي اسْمِ اللّٰهِ الْأعْظَمِ مِنْ سَوادِ الْعَيْنِ إِلي بَياضِها.

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم اسم اعظم کے اتنا نزدیک ہے کہ جتنی آنکھ کی سیاہی، اسکی سفیدی کے نزدیک ہے۔

بحارالانوار: ج۵۰، ص۲۹۶، ضمن ح۷۰

QURANOITRATACADEMY




# احادیث
# امام حسن عسکریؑ


## راز فاش کرنے کی مذمت

إِيَّاكَ وَالْاذاعَةَ وَطَلَبَ الرِّياسَةِ، فَإِنَّهُما يَدْعُوانِ إِلَي الْهَلَكَةِ

تم راز کو فاش کرنے اور ریاست وقدرت کو طلب کرنے سے بچو کیونکہ یہ دونوں انسان کو ہلاک کر دیتی ہیں۔

بحارالانوار: ج۵۰، ص۲۹۶، ضمن ح۷۰

QURANOITRATACADEMY




# احادیث امام حسن عسکریؑ


## بیٹھنے میں عاجزی و انکساری

مَنْ رَضِيَ بِدُونِ الشَّرَفِ مِنَ الْمَجْلِسِ لَمْ يَزَلِ اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ حَتّي يَقُومَ

جو بھی کسی محفل میں اپنے مقام و مرتبے سے کم تر جگہ پر بیٹھنے پر راضی ہو جائے تو جب تک وہ شخص اس جگہ سے اٹھ نہیں جاتا، اس وقت تک خداوند اور اسکے فرشتے اس پر رحمت نازل فرماتے رہتے ہیں۔

میزان الحکمت ص ۳۹۶

You Tube
QURANOITRATACADEMY




# احادیث
# امام حسن عسکریؑ

## فالتو بحث اور مذاق کی مذمت

لاتُمارِ فَیَذْهَبَ بَهاؤُكَ وَلاتُمازِحْ فَیُجْتَرَأَ عَلَیْكَ

فالتو بحث نہ کرو کہ اس سے تمہاری اہمیت ختم ہو جائے گی اور دوسروں سے زیادہ مذاق بھی نہ کرو کہ اس سے دوسروں میں بھی تم سے مذاق کرنے کی جرات پیدا ہو جائے گی۔

تحف العقول ص ۴۸۶

QURANOITRATACADEMY